سوال

(129) سورۃ فاتحہ امام کے سکتات میں پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ جو شخص امام کے ساتھ نماز پڑھ رہا ہو، اسے چاہیے کہ جب امام سکتہ کرے تو امام سے پہلے ہی سورۃ فاتحہ پڑھ لے۔ کیا یہ روایت صحیح ہے؟
(عبدالستار سومرو، کراچی)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ روایت امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب القرآءت (ص64،65۔) میں بیان کی ہے لیکن اس کی سند دو وجہ سے ضعیف ہے۔

1۔ محمد بن عبداللہ بن عبید بن عمیر اللیثی سخت ضعیف ہے۔

2۔ ابن لہیعہ اختلاط کا شکار ہوگئے تھے اس کی دوسری سندیں بھی ضعیف ہیں لہذا یہ روایت اپنے تمام شواہد کے ساتھ ضعیف ہی ہے (شہادت مارچ 2000ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمیہ

جلد1۔ کتاب الصلاۃ۔ صفحہ308

محدث فتویٰ